شرائط و ضوابط—بیوٹی لیشییس

18 اگست 2022ء سے 18 فروری 2023ء تک موثر

- یہ شرائط و ضوابط (**"شرائط و ضوابط"**) ڈسکاؤنٹ حاصل کرنے والے تمام کسٹمرز (**"کسٹمرز"**) پر لاگو ہوں گی اور ڈسکاؤنٹ کیمپین میں ایسی کسی بھی قسم کی شرکت کرتے ہوئے بذریعہ ہٰذا کسٹمرز ان شرائط و ضوابط کی منظوری دیتے ہیں اور اقرار کرتے ہیں کہ HBL بہر صورت حتمی فیصلہ سازی کا اختیار رکھتا ہے اور اس کا فیصلہ حتمی ہو گا جسے سب قبول کرنے کے پابند ہوں گے۔
- کسٹمرز فی ٹرانزیکشن فلیٹ 20% کا ڈسکاؤنٹ حاصل کر سکتے ہیں۔
- یہ ڈسکاؤنٹ صرف HBL موبائل اور Konnect by HBL ایپلی کیشن سے ویزا QR کے ذریعے انجام دی جانے والی ٹرانزیکشنز پر لاگو ہو گا۔
- یہ آفر DHA Q بلاک لاہور کے آؤٹ لیٹس پر موثر ہے۔
- یہ ڈسکاؤنٹس HBL یا حلیف پارٹنرز کی جانب سے کسی دیگر خصوصی پروموشن، ڈسکاؤنٹ پروگرام یا واؤچر کے ساتھ ملا کر موثر نہیں ہیں۔
- یہ ڈسکاؤنٹس کسی گروپ ڈسکاؤنٹ، پارٹیوں، خصوصی تقریبات یا دیگر کسی پیشکش کے ساتھ ملا کر حاصل نہیں کیے جاسکتے۔
- یہ ڈسکاؤنٹ کیش یا کارڈ کے ذریعے حاصل نہیں کیے جاسکتے۔
- حلیف پارٹنرز کی جانب سے فراہم کردہ پروڈکٹس اور سروسز کے معیار سے متعلق کوئی بھی تنازع مکمل طور پر حلیف پارٹنر کی ذمہ داری ہو گا، نہ کہ HBL کی۔
- پروڈکٹ میں کسی مسئلے کی صورت میں، براہِ مہربانی بیوٹی لیشییس کی مینجمنٹ سے اُن کی ہیلپ لائن پر رابطہ کریں۔ HBL آرڈر مینجمنٹ کا ذمہ دار نہیں ہو گا۔
- HBL پیشگی اطلاع کے ساتھ کسی بھی ڈسکاؤنٹ پیشکش کی اہلیت کا معیار ختم کرنے، دستبردار ہونے یا تبدیل کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔
- HBL، حلیفوں کی جانب سے پیش کردہ برانڈ آفرز / ڈسکاؤنٹس کی درستی کا جواب دہ نہیں۔ تازہ ترین برانڈ آفرز / ڈسکاؤنٹس کے لیے، متعلقہ حلیف پارٹنر کی ویب سائٹ یا فزیکل آؤٹ لیٹ سے رجوع کریں۔
- HBL کسی بھی وقت کیمپین ختم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اور HBL کی ویب سائٹ، یعنی https://www.hbl.com اور Konnect کا ویب پیج، یعنی https://www.hbl.com/personal/konnect اپڈیٹ کرتے ہوئے کسی بھی وجہ سے ان شرائط و ضوابط میں کسی بھی وقت ترمیم کر سکتا ہے۔ اگرچہ کسٹمرز کو اس کی اطلاع دی جائے گی تاہم ہدایت کی جاتی ہے کہ کسٹمرز کو باخبر رہنے کے لیے باقاعدگی سے ویب سائٹ چیک کرنی چاہیے کیونکہ یہ ترامیم کسٹمرز پر فوراً لاگو ہوں گی۔
- ان شرائط و ضوابط کا انتظام اور تشریح پاکستان کے قوانین کے مطابق کی جائے گی۔